SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 5, 2020

ایس ای سی پی نے انفارمیشن سکیورٹی کی بین الاقوامی سرٹیفیکیشن حاصل کرلی

اسلام آباد (5 اگست) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انفارمیشن سکیورٹی کی بین الاقوامی سرٹیفیکیشن ISO ISO/IEC 27001:2013 کا فیز2 مکمل کرکے انفرمیشن سکیورٹی مینجمنٹ سسٹم کی سرٹیفیکیشن حاصل کرلی ہے۔ یہ سرٹیفیکیشن اس بات کی تصدیق ہے کہ کہ ایس ای سی پی میں معلومات کی حفاظت بین الاقوامی معیارات کے مطابق کی جاتی ہے۔

ISO 27001 ایک بین الاقوامی معیار ہے جو عالمی سطح پر انفرمیشن سکیورٹی کے استحکام اور کسی بھی خطرے سے محفوظ ہونے کے نظام کے متعلق ہے۔ انٹرنیشنل آڈٹ فرم میسرز ریسورس انسپکشن کینیڈا نے ایس ای سی پی کے اس معیار کی تعمیل کی توثیق اور آڈٹ مکمل کیا۔

ISO/IEC 27001 انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار سٹنڈرڈائزیشن معلومات کے محفوظ تبادلہ کا حفاظتی معیار ہے جس میں انفارمیشن سیکیورٹی مینجمنٹ سسٹم (آئی ایس ایم ایس) کو لاگو کرنے، نگرانی، برقرار رکھنے اور مستقل طور پر بہتر بنانے کے طریقے شامل ہیں۔